# 112057 ـ ماہ رمضان کے آخری دن مسلمان ہونے والے شخص کا فطرانہ

## سوال

اگر کوئی شخص ماہ رمضان میں آخری دن اسلام قبول کرے تو کیا اس پر فطرانہ فرض ہو گا ؟

## پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

" جی ہاں اس کے لیے فطرانہ کی ادائیگی کرنا فرض ہے؛ کیونکہ وہ مسلمانوں میں شامل ہے، اور ابن عمر رضی اللہ تعالی عنہما کی حدیث میں آیا ہے کہ:

" نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر مسلمان آزاد اور غلام مرد و عورت اور چھوٹے بچے اور بڑے پر ایك صاع کھجور یا جو فطرانہ فرض کیا " انتہی

فضيلة الشيخ ابن عثيمين رحمہ اللہ.